# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

**مورخہ14 دسمبر،2017**

الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں آج" **معذوروں کے عالمی دن"** کے موقع پرایک پر وقار تقریب کاانعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر سے معذور افراد کی ایک بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں سول سوسائٹی کے سرکردہ لوگ بھی شریک ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر سردار محمد رضا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات پر یقین رکھتے ہیں۔اس سلسلے میں الیکشن کمیشن معذور افراد کو انتخابی عمل میں شامل کرنے پر کوشاں ہے۔اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے معذوروں کی تعریف کرتے ہوئے تمام طبقات فکر کے لوگوں سے درخواست کی کہ ملک کے جس کونے میں بھی معذور افراد موجود ہوں ان کو بحثیت ووٹر اندراج کیا جائے تاکہ وہ انتخابی عمل میں بھرپور شرکت کر سکیں۔انھوں نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن نے اسٹریٹیجک پلان کے 80 فیصد مقاصد حاصل کر لئے ہیں۔ سیکشن 93 سب سیکشن 3 کے تحت معذور افراد کے لئے پوسٹل بیلٹ پیپرز کی سہولیت بھی میسر ہے پوسٹل بیلٹ پیپرز کے ذریعے بھی معذور افراد اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔

چیف الیکشن کمشنر نے اس امر کی بھی وضاحت کر دی کہ آئندہ عام انتخابات 2018ء کے لئے پولنگ اسٹیشنز ایسے ترتیب دیئے جا رہے ہیں جو معذوروں کے لئے قابل رسائی ہوں۔اس ضمن میں چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹری صاحبان کو خطوط لکھے جا چکے ہیں کہ ایسی تمام عمارتوں کی نشاندہی کرائی جائے جو گراؤنڈ فلورز پر ہوں اور اس میں معذور خواتین و حضرات کے لئے ریمز ( Ramps ) بھی لگائے جائیں۔

تقریب سے سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے بھی خطاب کیا اور معذور افراد کو یقین دلایا کہ الیکشن کمیشن آئندہ عام انتخابات 2018ء کے لئے تمام پولنگ اسٹیشنز پر ان کے لئے مطلوبہ سہولیات فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹری صاحبان کو بھی خطوط لکھے جا چکے ہیں اس کے ساتھ ساتھ جنوری 2018ء میں شروع ہونے والے الیکشن کمیشن کی طرف سے سالانہ ووٹر لسٹوں کی نظر ثانی کے مرحلے میں معذور افراد کے اندراج کو یقینی بنایا جائے گا۔ تقریب سے معذور افراد کے نمائندوں نے بھی خطاب کیا اور الیکشن کمیشن کی معذور افراد کی رجسٹریشن اور عام انتخابات 2018ء کے لئے پولنگ اسٹیشنز پر مطلوبہ سہولیات فراہم کرنے پر الیکشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆